The story of the products of Pakistan is the story of the people of Pakistan. 27 years ago, Pakistan began from the scratch. For its creation, the people struggled hard and long. And since, they have been working very hard to develop Pakistan into a manufacture producer country. Their success has been internationally described as "impressive". In early years, it was depending upon the export of raw cotton, raw wool, hides and skins, and other primary products. Such manufactures then as existed related more to village and cottage industry products than to any modern industry. The country has now achieved a large measure of industrialisation, coupled with a great expansion in power production and considerable advances in agriculture itself.


The 70 million people essentially deriving their 5,000-year old origins from the Aryan, Semitic and Dravidian—the Punjabis, the Sindhis, the Pathans, the Baluchis, and others—are well-built and sturdy, basically engaged in agriculture with warlike traditions and have a long unbroken rich cultural heritage. They are intelligent with a considerable fund of practical ability which manifests itself not only in farming, but also in their success in industrializing the country, and in other professions as craftsmen and artisans. While forging ahead in different economic sectors, they have retained the inherited richness of traditions and embellished the products with qualities and specifications of uptodate technology. They are determined to make their products good enough to be included among the finest in the international market. The manufacturing sector is now an integral part of the country's economy—the second largest after agriculture. In 1972-73, the manufactures accounted for 65% of the country's export.













"PRO



Sewing

Sewing mac
both for sev
casting, me
treating, etc
high. The m
and operate
attractive co
machines, z
purpose ma



Handlo

Every regio
weaving dr
romantic au
courtiers, its
shimmering
brides, cour
in attractive
are hand-er
excellent je
girls as well
gentlemen.
and mixed f
material use




"PRODUCT PAKISTAN"





Engineering Goods

As a dimension added in recent years to the manufacturing sector, the engineering industry is steadily growing. With ste making by the most advanced techniques of steel mills nov underway, it is going to play a vital role in diversifying trade and achieving a self sustaining economy. Necessary wide incentives and facilities are provided for foreign investment in different sectors of the engineering industry as in other industries.









Sewing Machine

Sewing machines exported from Pakistan are well-designed both for sewing and embroidery. Each manufacturing process, casting, metal machining, enamelling, chroming, heat-treating, etc., is closely inspected. Engineering standards are high. The machines have high precision, attractive appearance and operate smoothly. Household machines painted in attractive colours with chrome trim, industrial sewing machines, zig-zag machines, and leather and general-purpose machines have large overseas sales.



Electrical Goods


And in **electrical engineering** items of production include electrical machinery, apparatus, appliances, accessories and fittings; motor, switchgears and transformers; wires and cables; accumulators and dry batteries; industrial airconditioners and refrigerators; electric generating sets; electrical instruments; telecommunications, electronic equipment and devices and components; and fans, radio assembly and components.









Surgical Instruments





Handloom Products

Every region of Pakistan has preserved its traditional art of weaving dream fabrics of oriental temperament, with its romantic aura and poetic nuance. Ancient fabrics of kings and courtiers, its soft-silken texture with strands and threads of shimmering gold and silver, are still the joyful apparels of brides, country girls and children. These fabrics, which come in attractive cottons, brocades, silks and mixed fabrics and are hand-embroidered with gold and silver thread, make excellent jeans, mini-skirts, beautiful dresses for working girls as well as gowns and shirts for sophisticated ladies and gentlemen. Elegantly made shirts from cotton, silk, polyster and mixed fibre have large overseas sales for the good quality material used and high class tailoring to sizes.









Carpets and Rugs

Exquisitely rendered machine [illegible] come in traditional and modern designs to suit large and small homes, high class hotels and commercial offices. The symbols and motifs used include a wide variety of floral and geometrical patterns, lineal styles, arabesque foliage, abstract art, objects, animals and historical monuments of the Great Moghuls. The material used is mechanically processed, machine washed and sterilized. Pakistan's carpets exports have increased manifold in recent years.



پاکستان کے یوم آزادی

پر

ہم اپنے پاکستانی بھائیوں

کی خدمت میں

ھدیہ تبریک

پیش کرتے ہیں!

PIA

پاکستان انٹرنیشنل ائیرلائنز

PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES

VISIT US AT PAKISTANI PAVILION IN C.N.E.

Mr. A. A
Pakistan Internat
Royal Trust Tower - TD Centre,
(416) 364-1375

Pakistan
1 Place Ville Marie, Montreal, P.Q.
(514) 861-2495

پاکستان دشمن پراپیگنڈے پر بھارت سے پاکستان کا شدید احتجاج

بھارتی پراپیگنڈے کا عوام پر کوئی اثر نہیں ہو سکتا : سرکاری ترجمان

اسلام آباد (ریڈیو رپورٹ) پاکستان کی آزادی اور علاقائی سالمیت کے خلاف بھارتی ریڈیو اور دیگر ذرائع ابلاغ کے ... پراپیگنڈے پر حکومت پاکستان نے زبردست احتجاج کیا ہے۔ آج ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کی وزارت خارجہ ... نے بھارتی وزارت خارجہ کے سیکرٹری کو ایک احتجاجی مراسلہ ارسال کیا ہے جس میں بھارتی حکومت کی توجہ پاکستان دشمن پراپیگنڈے کی طرف مبذول کرائی گئی ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ بھارت پاکستان کی آزادی اور سالمیت کے خلاف عوام کے جذبات مشتعل کر رہا ہے اور پاکستان دشمن احساسات کو ہوا دے رہا ہے ...

قادیانی مسئلے میں بعض قومی اور بین الاقوامی پیچیدگیاں ہیں

ٹھنڈے دل سے غور کی ضرورت ہے تاہم تاخیر قومی مفاد میں نہیں

کوئٹہ (اپ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی قادیانی مسئلہ پر بحث ۷ ستمبر ۱۹۷۴ تک لازماً مکمل کر لے گی۔ آج یہاں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں نے وزیر قانون کو ماہ رواں کی پہلی تاریخ کو اس غرض سے کوئٹہ طلب کیا تھا ... قومی اسمبلی سے اگلے ماہ کی سات تاریخ تک حل کرالیا جائے۔

انہوں نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے اس سلسلے میں وفاقی وزراء قومی اسمبلی کے سپیکر اور قومی اسمبلی کے بعض ارکان سے صلاح و مشورہ بھی کیا ہے ... اس مسئلہ کو طول دینے کے حق میں نہیں ہوں میری خواہش ہے کہ یہ مسئلہ جلد از جلد حل کر لیا جائے تاہم یہ مسئلہ نہایت پیچیدہ ہے اور بعض قومی اور بین الاقوامی پیچیدگیاں اس میں موجود ہیں ...

وزیر اعظم نے کہا کہ اس مسئلہ کو معرض التوا میں ڈالنا قومی مفاد میں نہیں ہوگا ...

بھارت پاکستان کے بعض علاقوں پر قبضہ کرنا چاہتا ہے

وزیر اعظم بھٹو کے بھارت کے بارے میں خدشات بے بنیاد نہیں : امریکی صحافی

اسلام آباد (اپ پ) امریکہ کے ممتاز صحافی مسٹر ... نے کہا ہے کہ پاکستانی وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کا یہ خدشہ سراسر بے بنیاد قرار نہیں دیا جا سکتا کہ بھارت کی نیت پاکستان کے علاقوں پر قبضہ کر لینے کی ہے ...

پاکستان ہسپانوی مقبوضہ صحرا کے مسئلے پر مراکش کے موقف کی مکمل حمایت کرتا ہے : بھٹو

استعماری نو آبادیات کا مسئلہ حق خود ارادیت کے ذریعہ حل ہونا چاہیئے

وزیر اعظم بھٹو کو شاہ حسن کا ذاتی پیغام پہنچا دیا گیا

راولپنڈی (اپ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ہسپانوی مقبوضہ صحرائی علاقے پر مراکش کے دعوے کی حمایت کا اعلان کیا ہے ...

افغانستان کو بلوچوں کو قربانی کا بکرا بنا کر مکروہ عزائم کی تکمیل کی اجازت نہیں دی جائے گی ، افغانستان کو وزیر اعظم بھٹو کا انتباہ

کوئٹہ (اپ پ) وزیر اعظم ... نے افغانستان کو متنبہ کیا ہے کہ بلوچوں کو قربانی کا بکرا بنا کر اپنے مکروہ عزائم کی تکمیل کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی ...

پاکستان ، بھارت اور بنگلہ دیش کے مسائل شملہ معاہدہ کی روشنی میں حل کرلئے جائیں گے

آغا شورش کاشمیری رہا کر دیئے گئے

حکومت نے تمام احکامات واپس لے لئے

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) ہفت روزہ چٹان کے مدیر آغا شورش کاشمیری کو رہا کر دیا گیا ہے ...

آدھے سے زیادہ بنگلہ دیش زیر آب ہے ڈھاکہ ملک کے باقی حصوں سے کٹ گیا

ڈھاکہ ۱۰ اگست (ریڈیو رپورٹ) وائس آف امریکہ نے اطلاع دی ہے کہ بنگلہ دیش میں سیلاب سے صورت حال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے ... آدھے سے زیادہ ملک زیر آب ہے ڈھاکہ اس وقت ملک کے باقی علاقوں سے کٹ کر رہ گیا ہے ...



حکومت عراق نے ۲۰۰ پاکستانیوں کو ملک سے نکال دیا

چھ ماہ کے اندر باقی تمام پاکستانیوں کو بھی واپس بلا لینے کا مطالبہ

۱۹۷۳ کے بعد سے تین ہزار پاکستانی عراق سے نکالے جا چکے ہیں : عزیز احمد

یسٹ پال (اپ پ) ... عراق نے حال ہی میں ۲۰۰ پاکستانیوں کو ملک سے نکال دیا ہے ...

اتھنک پریس کا گیارھواں سالانہ دورہ

نمائندہ خصوصی الانبساط [illegible]

پچھلے دنوں "کریسنٹ" کے نمائندے کی حیثیت سے مجھے انٹیریو کے اتھنک پریس کے گیارھویں سالانہ ٹور میں شمالی انٹیریو جانے کا موقعہ ملا۔ یہ ٹور شگرا سے ۱۶ جون کو شروع ہوا اور ۱۹ جون ہفتے تک چلتا رہا۔ اس ٹور میں جملہ تیس افراد شامل تھے جو تیس اخبارات سے ... انٹیریو سے اور ... زبانوں سے تعلق رکھتے تھے۔ ہماری رہنمائی کے لیے ایک ٹور ڈائریکٹر اور منسٹری آف انڈسٹری اینڈ ٹورازم کے افسران موجود تھے۔

پچھلے دن کے اس سفر کے دوران ہم نے شمالی انٹیریو کے تین شہروں کی تفریح کی۔ ۱۶ جون کو ہم ٹورانٹو سے بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہوئے اور جب شام ۵ بجے THUNDER BAY پہنچے تو موسم کا ابر آلود ہونے کے باوجود ٹمپریچر تیس ڈگری تھا۔ ہوائی اڈے پر ہمارے گروپ کے استقبال کے لیے مقامی وزارت سیاحت کے مقامی افسران موجود تھے۔ وہاں سے ہم سیدھے ہوٹل پہنچے اور دوسرے دن صبح ABITIBI BUSH CAMP روانہ ہوئے۔ وہاں کاغذ کی فیکٹری دیکھی جس میں زیادہ تر فن لینڈ کے لوگ کام کر رہے تھے۔ ان کی تعداد تھنڈر بے میں کینیڈا کے تمام علاقوں کی نسبت زیادہ ہے۔ کاغذ کی فیکٹری دیکھنے کے بعد ہم OLD FORT WILLIAM پہنچے۔ یہ پورے شمالی امریکہ میں اپنی طرز کا سب سے بڑا RESTORATION پروگرام ہے۔ فی الحال تو یہ تعمیر کے مراحل میں ہے۔ مکمل ہونے کے بعد بالکل ویسا ہی شہر ہوگا جیسا کہ ۱۸۱۷ء میں تھا۔ وہاں کے مکانات اور لوگوں کے لباس دیکھ کر یوں لگتا تھا جیسے ہم ڈیڑھ سو سال پیچھے جا چکے ہیں۔ اسی دن شام کو ہم کشتی کے سفر پر نکلے جو کہ نہایت ہی پُر لطف رہا۔ THUNDER BAY کینیڈا کا تیسرا بڑا SHIPPING PORT ہے۔ یہاں پر دنیا کے ۲۶ بڑے ELEVATORS ہیں۔ LAKE SUPERIOR کے کنارے آباد اس شہر کی کل آبادی 112,095 ہے۔

دوسرے دن ... ہم AMETHYST MINE گئے۔ دوپہر کا کھانا NIPIGON میں کھایا۔ اگلے دن WAWA شہر کے لیے روانہ ہوئے۔ یہ ALGOMA ڈسٹرکٹ کا ایک چھوٹا سا لیکن نہایت ہی خوبصورت شہر ہے۔ اس شہر کی کل آبادی کوئی ۵۰۰۰ کے قریب ہے۔ WAWA دراصل OJIBWAY زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں WILD GOOSE جسے آپ ذیل میں دی ہوئی تصویر میں دیکھ سکتے ہیں۔ WAWA پہنچنے کے بعد اس چھوٹے شہر کا BIRD'S EYE VIEW ہمیں ہوائی جہاز سے دکھایا گیا جو کہ بہت ہی دلچسپ تھا۔ یہ چھوٹا سا شہر ... ہزار ... نظر نہیں آیا بہت ہی خوبصورت دکھائی دیتا تھا۔ یہاں بہت سی سونے کی کانیں موجود ہیں اور ایک لوہے کی کان ہے جس سے بڑی مقدار میں ... برآمد ہوتا ہے۔

اسی دن رات کو ہمیں WAWA CHAMBER OF COMMERCE کی طرف سے ایک شاندار ڈنر دیا گیا جس میں اتھنک پریس کے شمالی ... موجود تھے۔ اس ڈنر میں ۳۲ مختلف ملکوں کے کھانے دیئے گئے جس میں پاکستانی کباب بھی شامل تھے۔ یہاں ہماری مہمان نوازی جس انداز میں ہوئی وہ اپنی مثال آپ تھی۔

ہمارے اس سہانے سفر کا پانچواں دن CANYON میں کٹا اور آخری دن SAULT STE. MARIE میں۔ جہاں لوہے کی مشہور زمانہ MILLS ہیں۔ یہاں RIVER LOCKS ہیں جو کہ بہت پرانا اور خوبصورت ... ہیں۔

غرض شمالی انٹیریو کا چار ایک روزہ سفر نہایت ہی کامیاب، معلوماتی اور دلچسپ رہا۔ ہم نے THUNDER BAY، SAULT STE. MARIE اور WAWA تینوں شہروں کے اہم مقامات دیکھے۔ اس سفر کی وجہ سے ہمیں نہ صرف قدرت کے خوبصورت نظاروں سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملا بلکہ شمالی انٹیریو کے لوگوں کی کینیڈین مہمان نوازی اور خلوص کے جیتے جاگتے نمونے بھی دیکھنے میں آئے۔ اس کے علاوہ اس سفر سے ہمیں کینیڈا کے ایک حصے کے بارے میں اہم معلومات حاصل ہوئیں وہ بڑی اہمیت رکھتی ہیں۔ پھر اس سفر کی بدولت کینیڈا میں آئے ہوئے مختلف ممالک کے لوگوں کے ساتھ مل بیٹھنے اور ان کی تہذیب و تمدن کے بارے میں جاننے کا موقع بھی ملا۔ ان تمام باتوں کے لیے ہم اتھنک پریس کے اس سفر کی مجلس انتظامیہ اور سرکاری حکام کے تہہ دل سے مشکور ہیں اور متوقع ہیں کہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔



واوا شہر میں وائلڈ گوز کا مجسمہ اور اتھنک پریس کے نمائندے

آپ کے خط

(ایڈیٹر کا [illegible] ... سے متفق ہونا ضروری نہیں)

کشمیر اور پاکستانی سفارت خانہ

"کریسنٹ" کی حالیہ اشاعت میں عالی جناب ڈاکٹر ... پاکستان سفارت خانہ (اٹاوا) کا تحریر کردہ مراسلہ پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ پڑھ کر کوئی تعجب نہیں ہوا کہ ہمارے سفارت خانوں کے جو ذمہ دار افراد اپنے ملک کے افراد اور حکمرانوں پر الزامات چسپاں کرنے کا پرانا مشغلہ ابھی تک اپنائے ہوئے ہیں۔ جب کبھی برسر اقتدار گروہ کے خلاف کوئی آواز اٹھی یا سچائی اور حقیقت کا آئینہ دکھایا گیا، تو کرسنٹ نے ان کے خلاف اپنا کام شروع کر دیا۔ کوئی ان نام نہاد کونسلر سے پوچھے کہ جب بھارت نے ... دھماکہ کیا تھا یہ کہاں سوئے ہوئے تھے۔ سفارت خانے کی جانب سے کینیڈا کے اخبارات میں بھارت کے اس اقدام کے خلاف کوئی مہم چلائی گئی؟ یہاں کے عوام کو بھارت کی ان جارحانہ حرکت سے پاکستان کو ہونے والے نقصانات سے آگاہ کرنے کے لیے کوئی کوشش کی گئی؟ صرف "کریسنٹ" اور "ایکسپریس" ہی ایسے جریدے تھے جنہوں نے اس اہم فرض کو اپنی حیثیت کے مطابق ادا کیا۔ اپنا فرض انجام دینے والے ایسے اداروں اور جریدے پر تنقید کرنا ہی ... ہیں۔ اب ذرا کشمیر کے زیر بحث مضمون پر بات ہو جائے۔ کونسلر صاحب کو ۲۷ سال سے لگایا جانے والا نعرہ تو اچھی طرح یاد رہا لیکن حقائق کا جواب دینا گوارہ نہ ہوا۔ جواب دیتے بھی تو کیسے دیتے! یہ تو ... کے اصولوں کے خلاف ہے۔

حکومت پاکستان کو آزاد کشمیر میں ان "انقلابی" تبدیلیوں کی اب کیوں ضرورت محسوس ہو رہی ہے؟ بھارت کی پوری مشینری ایسے موقع پر مقبوضہ علاقے میں کیوں اتنی سرگرم عمل ہے؟ شیخ عبداللہ کو کیوں ہیرو بنایا جا رہا ہے؟ برسر اقتدار گروہ کے اس منصوبے کا تذکرہ ہی کے پاس کیا توڑ ہے جو بھٹو صاحب نے ... کو اپنے دورہ آزاد کشمیر کے موقع پر وہاں کے عوام کے سامنے پیش کیا تھا کہ "کشمیر کو پاکستان کا ایک صوبہ ہونا چاہیے"۔ کیا یہ کشمیر کو بیچنے کی باتیں نہیں ہیں؟ کیا یہ سب حرکتیں سانحۂ جوناگڑھ اور سانحۂ مشرقی پاکستان سے کم ہیں؟

کونسلر صاحب کو برسر اقتدار پاکستانی سربراہ کی جانب سے مجوزہ آزاد کشمیر کونسل کے بارہ ممبروں میں سے پانچ پاکستانی ممبر پارلیمنٹ کی نامزدگی میں کوئی خرابی نظر نہیں آ رہی ہے۔ آزاد کشمیر کے نمائندے تو عوام میں سے منتخب ہوں اور حکومت پاکستان کے نمائندے وزیر اعظم کے اپنے چہیتے نامزد کیے جائیں۔ ایسے کہتے ہیں چت بھی اپنا پٹ بھی اپنا۔ موصوف ایک طرف تو کہتے ہیں کہ آزاد کشمیر کو پاکستان کا صوبہ بنانے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے، دوسری طرف صوبہ بنائے جانے والے منصوبے کے اجزاء میں خرابی نہیں خوبی نظر آ رہی ہے۔ کونسلر صاحب تحریر کرتے ہیں کہ آزاد کشمیر کے ترقیاتی منصوبے کی بیشتر رقم پاکستان فراہم کرتا ہے، اس لیے دو حکومتوں اور عوام میں "گہرا ربط" رہنا چاہیے۔ شاید اسی مقصد کے حصول کے لیے برسر اقتدار پارٹی آزاد کشمیر کی ۲۵ سالہ شاندار روایات کو توڑ کر اپنی پارٹی کے دفاتر اور شاخیں گزشتہ دو سال سے اس علاقے میں کھول رہی ہے۔ یہ چالیں آزاد کشمیر کے معاملات میں مداخلت اور زیر اثر صوبہ بنانے کی نہیں ہیں؟ موجودہ حکومت کو برسر اقتدار آئے تین سال کا عرصہ ہو رہا ہے۔ اس عرصے میں اس نے مقبوضہ حصے کو بھارت کے چنگل سے آزاد کرانے کے لیے کیا کوشش کی ہے؟ اس مسئلے کو اس عرصے میں اقوام متحدہ میں کیوں نہیں اٹھایا گیا؟ بیرونی ممالک کے سربراہوں سے مذاکرات کے بعد شائع ہونے والے اعلامیوں میں مسئلہ کشمیر کا تذکرہ کیوں نہیں ہوتا؟ ذکر یہ ہی کہ ان سوالات کے جوابات کے لیے کوئی ... پاکستانی حکومت نے فراہم کیے ہیں؟

کونسلر صاحب نے "ایکسپریس" کو پاکستان کی ... سیاسی پارٹی کا نقطۂ نظر پیش کرنے والا جریدہ قرار دیتے ہوئے "کریسنٹ" کے ایڈیٹر کو اس کی معلومات سے ناطہ قرار دیا ہے۔ شاید ابھی ... نہیں کہ یہاں آباد پاکستانی علم کے ذریعے ... ہیں اور اس بات سے واقف ہیں کہ "ایکسپریس" کو خود ایڈیٹر یا ایڈیٹوریل بورڈ شائع کرتا ہے جو کہ مملکت پاکستان اور مسلمانوں وغیرہ سے تعلق رکھنے والے مخلص اور ... پر مشتمل غیر منافع بخش ادارہ ہے۔

ظہیر الدین بابر ... بٹیال

مسلم کلب نیویارک کا مشاعرہ

مسلم کلب نیویارک کی ... مشاعرہ ... شاعروں کی ... [illegible]

[illegible]

... تک مشاعرہ کا ... اور ... ختم ... [illegible]

کا اصل مشاعرہ ... تھا ... [illegible] ... دکھائی نہیں پڑتا تھا ... لوگ ترکوں کے رخصت ہو چکے تھے۔ آخر میں صاحب صدر اپنے ... اشعار سنانے ڈائس پر تشریف لائے تو سامنے خالی کرسیاں تھیں اور لوگ چار چار اور چھ چھ کی ٹکڑیوں میں کھڑے خوش گپیاں کر رہے تھے۔ ستم ظریفی تو یہ ہے کہ ان ٹولیوں میں خود منتظمین بھی شامل تھے۔

اس سے پہلے بھی مجھے اس نیویارک شہر میں دو تین کامیاب مشاعروں میں جانے کا اتفاق ہوا جو کہ خالصتاً ہندوستانی طلباء اور اہل ذوق حضرات نے منعقد کیے تھے۔ میں ان مشاعروں کے منتظمین کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور مسلم کلب سے گزارش کرتی ہوں کہ وہ خدا کے لیے آئندہ ایسی کوئی کوشش نہ کریں بلکہ اپنی کلب کی سرگرمیاں کلب گھر تک ہی محدود رکھیں۔

آخر میں گستاخی معاف یہ عرض کروں گی کہ مشاعرے کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کعبہ کی عظمت اپنی جگہ مسلم ہے۔ یہ خود ایک لمبی بحث ہے جس کے لیے میں گزارش کروں گی کہ جب کبھی تم وقت نکال سکو میرے پاس ضرور تشریف لاؤ۔ ان شاء اللہ مجھ کو بذوق دانشمند سے مخاطب پاؤ گی۔ میں تمہیں مسلمان بنانے کی ہرگز کوشش نہیں کروں گی۔

دعا گو

محمد فاطمہ رضوی۔ ممبر

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

[illegible] تعلیم یافتہ اور ... [illegible]

[illegible]

MRS. RAZA
C/O CRESCENT
BOX 996 [illegible]
[illegible]

●

ایک [illegible] ... کے لیے مسلم ... [illegible] ... ضرورت ہے ... [illegible]

I. H.
C/O CRESCENT
(ADDRESS AS ABOVE)

●

ایک خوب صورت لڑکی کے لیے تعلیم یافتہ مسلمان لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیے خط لکھیے:-

V. H.
C/O CRESCENT
(ADDRESS AS ABOVE)

●

کرایے کے لیے خالی ہے

مکمل ایک بیڈ روم اپارٹمنٹ، پرائیویٹ داخلہ، ایگلنٹن اور وارڈن کے علاقے میں کرایے کے لیے خالی ہے۔ بعوض بے بی سٹنگ کرایے میں رعایت بھی ممکن ہے۔ مزید معلومات کے لیے 757-0358 پر فون کیجیے۔

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے)

جماعت احمدیہ کے سرکردہ ارکان کے اجلاس میں مسٹر بھٹو کو قتل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا: شورش کاشمیری

ظفر چودھری نے حکومت کا تختہ الٹنے کا پروگرام بنایا تھا

وزیر اعظم بھٹو نے اندرون ملک امن برقرار رکھنے کے لیے کہا تھا

ایم ایم احمد کے ایک رشتہ دار کے گھر سے وائرلیس ٹرانسمیٹر برآمد ہوا تھا، ربوہ ٹریبونل کے روبرو مدیر چٹان کا بیان

لاہور ( ) اپنے شائع شدہ رپورٹ سے لاہور ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس کے ایم اے صمدانی کی عدالت میں واقعہ ربوہ کی تحقیقات کے سلسلے میں مدیر چٹان جناب آغا شورش کاشمیری نے ...



ختم نبوت پورے عالم اسلام کا مسئلہ ہے: حنیف رامے

قومی اسمبلی پر موثر طریقے سے عمل شروع ہو گیا ہے

کسی اقلیت کی قانونی اعانت نہیں کی جائے گی، لاہور پہنچنے پر بیان

امریکہ اور کینیڈا میں ۲۴ پاکستانی فلموں کی اسمگلنگ

حکومت پاکستان اور پاکستانی فلمسازوں کو لاکھوں روپے کا نقصان

ناجائز طور پر فلمیں اسمگل کرنے والے کا سراغ مل گیا

حکومت ولی خان کو گرفتار کرنے کی بجائے سیاسی سطح پر بے نقاب کرنا چاہتی ہے

ولی خان کا خاندان پاکستان کا ازلی دشمن ہے: وزیر اعظم بھٹو

بھارت اپنے وسائل سے ایٹمی بجلی گھر بنا سکتا ہے: اندرا گاندھی

یوم پاکستان کی تقریبات

ٹورانٹو میں ۱۷ اگست کو سات بجے شام بمقام BROCKTON HIGH SCHOOL قریب CHRISTIE SUBWAY یوم پاکستان منایا جا رہا ہے۔ اس تقریب میں سفیر پاکستان شرکت کریں گے اور ورائٹی پروگرام بھی پیش کیا جائے گا۔

۱۷ اگست کو ٹورانٹو میں یوم پاکستان کا دوسرا جشن سوسائٹی آف پاکستانی کینیڈین کی طرف سے کالج آف ایجوکیشن کے آڈیٹوریم واقع SPADINA AND BLOOR STREET میں منعقد ہوگا۔ میئر آف ایٹوبیکو مہمان خصوصی ہوں گے۔ اس موقع پر رنگین فلم "سہرے کے پھول" بھی دکھائی جائے گی۔ وقت شام ۸ بجے سے رات گیارہ بجے تک۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے: 445-5353, 264-4220, 463-8224

ہیملٹن میں پاکستان ایسوسی ایشن کی جانب سے ۱۷ اگست سات بجے شام McMASTER UNIVERSITY (ARTS II, B-107) میں یوم آزادی منایا جائے گا۔ ہیملٹن کے میئر MR. V. COPPS مہمان خصوصی ہوں گے۔ پاکستانی ایمبیسی کے کونسلر جناب خالد حسن بھی شرکت کریں گے۔ اس موقع پر ... اور بیگم مسرت مجید ایک ورائٹی پروگرام پیش کریں گے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے: (416) 526-6067

ایران پاکستان کو مزید ۳۶ کروڑ روپے کا قرضہ دیگا

پاکستان عربوں کے لیے اسلحہ نہیں خرید رہا: بھٹو

شیخ عبداللہ اور افضل بیگ کو حق خود ارادیت کے خلاف بولنے کا حوصلہ کیسے ہوا

کوئٹہ کے بہت بڑے جلسہ سے وزیر اعظم کا خطاب

علامہ اقبال کی صد سالہ سالگرہ کی تقریبات کے لیے قومی کمیٹی قائم کر دی گئی

بعض عناصر پٹھانوں اور بلوچوں کو آپس میں لڑا کر خانہ جنگی کرانا چاہتے ہیں

مصور پاکستان کے مزار کو حافظ اور سعدی کے مزارات کی طرز پر تعمیر کیا جائیگا

قومی کمیٹی کے سربراہ وزیر اعظم بھٹو ہوں گے





بنگلہ دیش میں وزیر اعظم بھٹو کے مقابلے میں صدر گری کا استقبال انتہائی سرد مہری سے ہوا

کسی شہری یا افسر نے بھارت زندہ باد کا نعرہ نہیں لگایا : مدر انڈیا

اسلام آباد (اپ پ) بھارت کے ایک اہم اخبار مدر لینڈ نے اپنی تازہ اشاعت میں گری اور بھٹو کے ڈھاکہ میں ... کے زیر عنوان بھارتی صدر مسٹر وی وی گری اور پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے ڈھاکہ کے دوروں میں اہل بنگلہ دیش کے مختلف قسم کے رد عمل کی تصویر کھینچی ہے کہ ڈھاکہ میں بھارتی صدر کا کس سرد مہری سے استقبال ہوا اور مسٹر بھٹو اور پاکستانی وفد کا کس گرمجوشی سے خیر مقدم ...

[illegible]

لندن سے پاکستانیوں کو نکالا جا رہا ہے

[illegible]

پاکستان کی برآمدات میں اضافہ

[illegible]

لندن میں مشرقی پاکستان کی جلا وطن حکومت کے قیام کا اعلان کر دیا گیا


بنگلہ دیش کے باشندوں کی اکثریت مشرقی اور مغربی پاکستان کے دوبارہ اتحاد کے حق میں ہے

ہم اپنے علاقے کو بھارت کی غلامی سے نجات دلا کر دم لیں گے

[illegible]

ایران برطانیہ کو ... کروڑ پونڈ قرضہ دے گا

[illegible]



پختون زلمے کے ۱۳۰ افراد کو گرفتار کر لیا گیا

گرفتار شدگان پر مقدمہ چلایا جائے گا : شیرپاؤ

[illegible]

قدرت کا کرشمہ

[illegible]

روزنامہ "جسارت" کا ڈیکلریشن بحال کر دیا گیا

[illegible]

پاکستان میں گندم کی ریکارڈ پیداوار

[illegible]

بنگلہ دیش کے سیلاب زدگان اب پاکستان کو یاد کر رہے ہیں

بھارت کو متاثرین سے کوئی ہمدردی نہیں

[illegible]

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
[illegible]

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

[illegible]

یوم آزادی

۱۴ اگست پاکستان کے مسلمانوں کے نزدیک ایک مقدس و محترم دن ہے۔ آج سے ستائیس برس پہلے اسی دن مسلمانوں کے لیے موجودہ صدی کا سب سے عظیم معجزہ رونما ہوا اور دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت پاکستان کے نام سے معرض وجود میں آئی۔

پاکستان کے قیام کے لیے برصغیر کے کروڑوں فرزندان توحید نے جو بے مثال جدوجہد کی اور وطن عزیز کے لیے لاکھوں جانوں کا جو نذرانہ پیش کیا وہ تاریخ عالم کا قیمتی باب ہے۔ قیام پاکستان بلاشبہ ایک معجزہ تھا اور موجودہ عصر کی اسلام دشمن طاقتوں کی ریشہ دوانیوں اور خطرناک سازشوں کے باوجود اس کا باقی رہنا اس سے بھی بڑا معجزہ ہے۔

تاریخ شاہد ہے کہ اپنے آغاز سے ہی یہ ملک طرح طرح کی آزمائشوں کا شکار رہا۔ ۱۹۴۷ء کی بیش بہا قربانیاں ۱۹۴۸ء میں وادی کشمیر کی خون ریزی ۱۹۶۵ء کی جنگ ۱۹۷۱ء کا المیہ اور بے شمار اندرونی بیرونی مسائل — لیکن ہمارے حوصلے برابر قائم رہے۔

آج جبکہ وطن پاک کی سرحد پر دشمن اپنے جدید ترین اسلحے اور نت نئی سازشوں کے ساتھ حملے کے لیے تیار کھڑا ہے اور اندرونی خلفشار نے ملک میں جو امن پھیلا رکھی ہے ہماری جدوجہد پہلے سے زیادہ صبر آزما ہے۔

اب تک ہم نے حالات کی ناموافقت کی ذمہ داری ابن الوقت سیاستدانوں، نااہل فوجی افسروں، خود غرض سرمایہ داروں اور نام نہاد علمائے کرام پر رکھی ہے۔ لیکن کیا ہم خود بھی اس میں برابر کے شریک نہیں ہیں؟ کیا ہم اس طرز زندگی اور اُن اقدار پر گامزن ہیں جن کی بنیاد خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھی تھی اور جس کی پیروی ہمارے اکابرین نے کی —؟

پاکستان برصغیر ہندوستان کے ہر کلمہ گو فرد کا گھر ہے۔ اس کی سالمیت اُن اقدار کی سالمیت ہے جس کے لیے محمد اقبال، قائداعظم محمد علی جناح، فضل الحق چوہدری، لیاقت علی خان اور عبدالرب نشتر نے اپنی زندگیاں قربان کیں — آئیے آج کے دن ہم پھر اس عہد کی تجدید کریں کہ ہم مادر وطن کی بقاء اور نظریۂ پاکستان کے تحفظ کے لیے اپنی جان و مال کی بازی لگا دیں گے۔

وقت کا تقاضہ ہے کہ دیار غیر میں بسنے والے ہم پاکستانی دشمن کی چالوں کو ناکام بنانے کے لیے ہر سطح پر اتحاد، اتفاق اور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور اپنے عمل سے پاکستان دشمن طاقتوں پر یہ ثابت کر دیں کہ وہ اپنے وطن کو منفرد اور مستحکم رکھنے کے خواہش مند ہیں اور اس مقصد کے لیے کسی قسم کی قربانی دینے سے گریز نہیں کریں گے۔

یقین محکم، عمل پیہم، محبت فاتح عالم
جہاد زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں
اقبال

[illegible]

پاکستان مسلم قومیت کے نام پر حاصل کیا ہوا ملک ہے

حافظ شبیر احمد غازی آبادی

[illegible]

یہ تاریخی حقیقت ہے جس کی تردید نہیں کی جا سکتی کہ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا ہوا ملک ہے، اس کے حصول میں متحدہ [illegible]

[illegible] پاکستان کے مسلمان انہی مشکلات پر قابو پا لیں گے اور مستقبل نہایت شاندار اور روشن ہوگا۔

زیر صیرت

سیاں عبدالرشید

اقوال حضرت علی المرتضیٰ

۱۔ خندہ روئی سے پیش آنا پہلی نیکی ہے۔
۲۔ کارخانۂ قدرت میں غور و فکر کرنا بھی عبادت ہے۔
۳۔ شکر نعمت حصول نعمت کا باعث ہے۔
۴۔ ادب بہترین کمالات سے ہے۔
۵۔ عقل مند اپنے آپ کو پست کر کے بلندی حاصل کرتا ہے اور نادان اپنے آپ کو بڑھا کر ذلت اٹھاتا ہے۔
۶۔ گناہوں پر نادم ہونا انہیں مٹا دیتا ہے اور نیکیوں پر مغرور ہونا انہیں برباد کر دیتا ہے۔
۷۔ خواہش پرستی ہلاک کر دینے والا ساتھی ہے اور بری عادت زور آور دشمن ہے۔
۸۔ آدمی کی قابلیت اس کی زبان کے نیچے پوشیدہ ہے۔
۹۔ بے قراری بہ نسبت صبر تکلیف دہ ہے۔
۱۰۔ غریب وہ ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو۔
۱۱۔ علم بغیر عمل کے ایک آزار ہے اور عمل بغیر اخلاص بے کار ہے۔
۱۲۔ تجربے کبھی ختم نہیں ہوتے اور عقل مند وہ ہے جو ان میں برابر ترقی کرتا رہے۔
۱۳۔ تنگدستی اس مالداری سے اچھی ہے جس سے انسان گناہوں میں مبتلا ہو کر ذلیل و رسوا ہو۔
۱۴۔ مصیبت میں گھبرا جانا کمال درجہ کی مصیبت ہے۔
۱۵۔ شریف کی پہچان یہ ہے کہ جب کوئی سختی کرے تو وہ اس کے ساتھ سختی سے پیش آتا ہے اور جب کوئی نرمی سے پیش آئے تو نرم ہو جاتا ہے۔ اور کمینے سے جب کوئی نرمی کرے تو وہ اس سے سختی سے پیش آتا ہے اور جب کوئی سختی کرے تو نرم پڑ جاتا ہے۔
۱۶۔ بے قراری تقدیر الٰہی کو مٹا نہیں سکتی البتہ (صبر کے) اجر و ثواب کو ضائع کر دیتی ہے۔
۱۷۔ حرص سے روزی نہیں بڑھ جاتی، البتہ آدمی کی قدر گھٹ جاتی ہے۔
۱۸۔ برا آدمی کسی کے ساتھ نیک گمان نہیں کرتا، کیونکہ وہ ہر ایک کو اپنے جیسا گمان کرتا ہے۔
۱۹۔ علم، مال سے بہتر ہے کیونکہ وہ تمہاری حفاظت کرتا ہے اور مال کی حفاظت تمہیں کرنی پڑتی ہے۔
۲۰۔ میزان اعمال کو خیرات کے وزن سے بھاری کرو۔
۲۱۔ شرافت عقل و ادب سے ہے، نہ کہ مال و نسب سے۔
۲۲۔ جو شخص کسی کے عیب کی تلاش میں رہتا ہے اسے کوئی نہ کوئی عیب مل ہی جاتا ہے۔

حدیث نبویؐ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو مومنوں کو آپس میں رحم کرنے محبت رکھنے اور مہربانی کرنے میں ایسا پائے گا جیسا کہ جسم ہے جب بدن کا کوئی عضو دکھتا ہے تو سارا بدن بیداری اور بخار میں اس کے ساتھ شریک ہو جاتا ہے۔
(مسلم)

۱۴ اگست

— [illegible]

سلام کرتا ہوں چودہ اگست کو جھک کر
کہ اپنے ساتھ یہ لاتا ہے عید آزادی
رہے یہ حشر تک کشور حسیں قائم
یہ دن ہمیشہ سنائے نوید آزادی

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو، کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

پختونستان سٹنٹ ختم نہ کیا گیا تو پاکستان ہزارہ ترکمان کی علیحدگی کی حمایت کریگا

پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت مزید برداشت نہیں کی جائے گی

سردار داؤد کو عدم مداخلت کے معاہدے کی دوبارہ پیشکش
نیپ پاکستان دشمنی سے باز آجائے: وزیر اعظم کا انتباہ

ستو گمبہ، (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے افغانستان کو پاکستان کی طرف سے اس پیشکش کا اعادہ کیا ہے کہ ... کے اصول کی اساس پر افغانستان اور پاکستان آپس میں ... کا ایسا معاہدہ کریں جس کے تحت ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں کبھی مداخلت نہ کرنے کا عہد کیا جائے۔ وزیر اعظم نے اس پیشکش کا اعادہ آج شاہی باغ ستو گمبہ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے ایک بار پھر یہ اعلان کیا کہ پاکستان اپنے اندرونی معاملات میں کسی کی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی طاقت بھی پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔ وزیر اعظم کے اس اعلان پر سامعین نے یک آواز ہو کر نعرہ لگایا کہ ہم پاکستان کی سالمیت تحفظ اور استحکام کے لیے کٹ مریں گے۔

مولانا مودودی ٹورانٹو میں

۵ اگست کی شام جناب مولانا مودودی ٹورانٹو کی جامع مسجد میں چند گھنٹوں کے لیے تشریف لائے اور مسلمانوں کے کچھ سوالات کے جوابات دیے۔ ایک اندازے کے مطابق اس روز مسجد میں کم و بیش ڈیڑھ ہزار مرد و خواتین جمع تھے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ پھر مسجد کے ڈائریکٹر ... نے استقبالیہ کلمات کہے اور مولانا سے سوالات کے جوابات دینے کی درخواست کی۔ سوالات انگریزی میں تھے اور مولانا اردو میں ان کے جواب دے رہے تھے جس کا مفہوم انگریزی میں ... صدیقی بیان کر رہے تھے۔ ... صاحب اس پروگرام میں شرکت کے لیے خاص طور سے ... سے ٹورانٹو پہنچے تھے۔ سوال جواب کے بعد مولانا نے حاضرین سے مختصر مصافحہ کیا۔ اس طرح یہ پروگرام کم و بیش دو گھنٹے جاری رہا۔

سوالات کے جوابات میں مولانا نے ان مسائل کا حل بتایا جو اس معاشرے میں ہمیں درپیش ہیں۔ یعنی سود، حرام و حلال اور پردہ۔ پھر مولانا نے مسلمانوں کو نصیحت کی کہ وہ یہاں اسلام کے نمائندے سمجھے جاتے ہیں اس لیے انہیں اپنی زندگی اس طرح گزارنی چاہیے کہ ان کے طرز عمل سے اسلام پر کوئی حرف نہ آئے اور لوگ انہیں دیکھ کر اسلام کے بارے میں کوئی غلط رائے قائم نہ کریں۔

اس کے علاوہ مولانا نے مسلمانوں پر خاص طور پر زور دیا کہ وہ اپنی آئندہ نسل کی تعلیم و تربیت کا ... انتظام کریں ...

مولانا مودودی پیدا ماہ بیشتر ... علاج امریکہ تشریف لائے اور ... اپنے صاحبزادے ڈاکٹر احمد فاروق مودودی کے پاس مقیم ہیں ...

اردن کے شاہ حسین کا دورہ کینیڈا

اوٹاوہ، ... اگست (رائٹر) اردن کے شاہ حسین اور ان کی اہلیہ ملکہ ... کینیڈا کے ... دورہ پر اوٹاوہ پہنچے ... کینیڈا کے وزیر امور خارجہ ... نے ہوائی اڈے پر ان کا استقبال کیا۔


وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو ہزارہ میں قبائلی سرداروں سے مصافحہ کر رہے ہیں

دوسری جنگ عظیم کے بعد انگلستان آنے والی ٹیموں میں
پاکستانی ٹیم سب سے بہترین ہے: برطانوی اخبارات


وزیر اعظم بھٹو کے تازہ بیان سے بھارت کی تشویش کم ہوگئی ہے: سورن سنگھ

شملہ معاہدہ پاکستان کے لیے تحفظ کی سب سے بڑی ضمانت ہے
مضبوط اور طاقت ور بھارت ہی برصغیر میں پائیدار امن کا ضامن ہو سکتا ہے

نئی دہلی، ... (رائٹر) بھارت کے وزیر خارجہ سردار سورن سنگھ نے پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر بھٹو کے تازہ بیان کا خیر مقدم کیا ...

روس اور بھارت کی باہمی تجارت میں اضافہ

وزیر خارجہ فرانس اکتوبر میں مصر جائیں گے



پاکستان اور ترکی کے عوام کے تعلقات کی تاریخ میں سنہرے باب کا اضافہ ہوا ہے: بلند اجوت

آزمائش کی گھڑی میں پاکستان کی امداد پر ہم انتہائی شکر گزار ہیں۔ وزیر اعظم بھٹو کا پیغام ترک عوام سے دلی ہمدردی اور وابستگی کا آئینہ دار ہے، وزیر اعظم ترکی

اسلام آباد، (اے پی پی) ترکی کے وزیر اعظم بلند اجوت نے ... پاکستان نے ترکی کی آزمائش کی گھڑی میں ... ترکی کے عوام اور حکومت پاکستان کے عوام اور حکومت کے ... شکر گزار ہیں ...